© rasailojaraid.com

شورش کاشمیریؒ

لا الٰہ الا اللہ

کلیدِ حمد و ثناء لا الٰہ الا اللہ
خلاصہ ہائے دعا لا الٰہ الا اللہ

مسافرانِ حرم شرق و غرب تک پہنچے
بنا کے راہ نما لا الٰہ الا اللہ

بہ پیشِ خسروانِ تیغ بدست
زباں پہ آ ہی گیا لا الٰہ الا اللہ

ہمہ خیال فسانہ ہمہ دلیل غلط
بِنائے ارض و سما لا الٰہ الا اللہ

نثار سید کونین پر مرے ماں باپ
سبق دیا بھی تو کیا لا الٰہ الا اللہ

نظر پڑی جو کہیں بارگاہِ سلطانی
دماغ و دل نے کہا لا الٰہ الا اللہ

میں اس چمن میں عزیب الدیار ہوں شورشؔ
مگر ہے میری نوا لا الٰہ الا اللہ

© rasailojaraid.com